## جشن آزادی کے سلسلے میں ایم کیو ایم کے مرکز عزیز آباد میں رنگ اور نور کی بہار
## مرکزی تقریب 13 اگست کی شب رات 12 بجے مکا چوک پر منعقد ہوگی
## الطاف حسین مونومینٹ کا افتتاح کریں گے

کراچی ۔۔۔12/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت پاکستان کا 63 واں یوم جشن آزادی شایان شان طریقے سے منایا جارہا ہے اور اس سلسلے میں پورے جوش و خروش کے ساتھ تیاریاں جاری ہیں۔ایم کیو ایم کی جانب سے جشن آزادی کے سلسلے میں مختلف اقدامات کئے گئے ہیں جن کے باعث ایم کیو ایم کے مرکز عزیز آباد اور اطراف کے علاقوں میں رنگ و نور کی بہار دیکھنے میں آرہی ہے ۔جشن آزادی کی تقریبات کے حوالے سے ایک مرکزی تقریب 13 اگست کی شب رات 12 بجے مکا چوک واقع عزیز آباد پر منعقد ہوگی جہاں سٹی گورنمنٹ کی جانب سے ایک مونومینٹ تیار کیا گیا ہے جسکا افتتاح متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کریں گے اور شرکاء سے خطاب بھی کریں گے ۔اس مونومینٹ کی تیاری کا سلسلہ شب و روز جاری ہے اور اب آخری مراحل میں ہے ۔جشن آزادی کی مناسبت سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو،عزیز آباد ایم پی ہاسٹل ،خورشید بیگم میموریل ہال اور نائن زیرو کے اطراف کی گلیوں ،شاہراہوں اور عمارتوں کو برقی قمقموں اور خوش نما رنگ برنگی جھنڈیوں اور پاکستان و ایم کیو ایم کے پرچموں سے سجایا گیا ہے جبکہ متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے شہر بھر کی شاہراہوں اور عمارتوں پر جشن آزادی کی مبارک کے کلمات پر مبنی بینرز بھی آویزاں کیے گئے ہیں جن پر تحریر ہے کہ'' آزادی کی قدر کرو،اور اہل، وطن کو جشن آزادی مبارک ہو'' ۔اسی طرح ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو آنے والے راستوں پر استقبالیہ کیمپ لگائے گئے ہیں جہاں قومی نغمے اور ایم کیو ایم کے ترانے بجائے جارہے ہیں۔14/اگست کی صبح ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر بھی پرچم کشائی کی سادہ لیکن پروقار تقریب منعقد ہوگی جس میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ،حق پرست سینیٹرز ،وفاقی و صوبائی وزراء،ارکان قومی و صوبائی اسمبلی اور مشیران ،بڑی تعداد میں شریک ہوں گے جبکہ رابطہ کمیٹی کے ارکان اور وفاقی و صوبائی وزراء، بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کے مزار پر حاضری دیں گے، پھولوں کی چادر چڑھائیں گے اور فاتحہ خوانی کریں گے۔

## مکا چوک پر مونومنٹ کے افتتاح سے ایک دن قبل رنگ و نور کی بہار

کراچی ۔۔۔12/اگست 2009ء

مکا چوک عزیز آباد پر مونومنٹ کے افتتاح کے سلسلے میں بدھ کو سارا دن اور رات گئے تک شہریوں کی جوق در جوق آمد کا سلسلہ جاری رہا اور مغرب کے بعد مکا چوک پر ایم کیو ایم کے پرچموں ، برقی قمقموں اور خوشنما جھنڈیوں سے خوبصورت سجاوٹ کے باعث رنگ و نور کی بہار آئی ہوئی ہے ۔ بدھ کی شب خواتین بچے ، بزرگ اور نوجوانوں کی بڑی تعداد نے درجنوں چھوٹی بڑی ریلیوں کی شکل میں شہر کے دور دراز علاقوں سے مکا چوک کی جانب رخ کیا جہاں 14/اگست سے ایک دن قبل جشن آزادی کی تیاریاں عروج پر تھیں ۔ بیشتر خواتین نے پاکستان اور ایم کیو ایم کے پرچموں کی مناسبت سے لباس زیب تن کیے ہوئے تھے جبکہ انہوں نے اپنے ہاتھوں میں پاکستان اور ایم کیو ایم کے پرچم بھی تھامے ہوئے تھے۔اس موقع پر خواتین اور بچوں کا جوش و خروش قابل دید تھا اور انہوں نے ایم کیو ایم اور قومی نغموں پر یہ پرچم لہرا کر پاکستان اور قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت و محبت اور قومی یکجہتی کا مظاہرہ کیا۔بدھ کی شب ناظم کراچی سید مصطفی کمال نے مکا چوک کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا۔

## رابطہ کمیٹی کا مکا چوک عزیز آباد کا دورہ،مونومینٹ کی تیاریوں کا جائزہ لیا
## درجنوں کارکنان تیاریوں میں مصروف ہیں،رابطہ کمیٹی نے فرداً فرداً کارکنان سے ملاقاتیں کیں اور خراج تحسین پیش کیا

کراچی ۔۔۔12،اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنویزانیس احمد قائم خانی ،رابطہ کمیٹی کے اراکین قاسم علی رضا،شکیل عمر ،نیک محمد،سیف یار خان،سلیم تاجک ،کیف الوری اور شاکر علی نے بدھ کی شام مکا چوک عزیز آباد کا دورہ کیا اور 13 اگست کی شب 12 بجے جشن آزادی کی تقریبات کے حوالے سے سٹی گورنمنٹ کی جانب سے تیار کئے جانے والے مونومینٹ کی افتتاحی تقریب کی تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کے مختلف ونگز اور شعبہ جات کے اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔مکا چوک کے مونومینٹ کی افتتاحی

تقریب کی تیاریوں میں ایم کیوایم کے درجنوں کارکنان دن رات مصروف ہیں، رابطہ کمیٹی نے مکا چوک اور عائشہ منزل میں لگائے گے استقبالیہ کیمپوں کا دورہ کیا اور اسٹیج کی تیاری سمیت، سجاوٹ کے انتظامات میں مصروف کارکنان سے فرداً فرداً ملاقاتیں کرکے انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ دورے کے موقع پر رابطہ کمیٹی نے راہ چلتے عوام سے مصافحہ کیا اور انہیں جناب الطاف حسین کی جانب سے جشن آزادی کی پیشگی مبارکباد پیش کی اور جشن آزادی کی تقریب کے سلسلے میں مکا چوک عزیز آباد کے مونومینٹ کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی دعوت بھی دی۔ اس موقع پر استقبالیہ کیمپوں پر قومی اور تنظیمی ترانے بجائے جارہے تھے اور ان پر عوام کا زبردست رش دکھائی دیا۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری اور سیف یار خان کی فادر جو پال اور بشپ صادق ڈینئل سے ملاقات

کراچی۔۔۔12/اگست 2009ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان رابطہ کمیٹی شعیب احمد بخاری اور سیف یار خان نے، ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج حق پرست سندھ اسمبلی اسٹیفن آصف اور رکن پاسٹر جاوید انجم کے ہمراہ منگل کے روز مسیحی برادری کے رہنماؤں بشپ صادق ڈینئل اور کیتھولک چرچ کے فادر جو پال سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ اس سے قبل ایم کیوایم کے رہنماء ان سے ملاقات کیلئے پہنچے تو ان عیسائی مذہبی رہنماؤں اور دیگر افراد نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ ارکان رابطہ کمیٹی نے اس موقع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے سانحہ گوجرہ کے واقعات پر افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا اور سانحہ گوجرہ کے متاثرین کی بحالی اور ان کے بطور پاکستانی حقوق کے تحفظ کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن آپ کے اس غم میں برابر کا شریک ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین لفظ اقلیت کو مناسب نہیں سمجھتے ہیں کیونکہ ان کی نظر میں پاکستان کے تمام شہری برابری کا درجہ رکھتے ہیں۔ صادق ڈینئل اور فادر جو پال نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کی آمد اور سانحہ گوجرہ کے موقع پر عیسائی متاثرین میں امداد کی تقسیم پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے اظہار تشکر کیا جبکہ انہوں نے خصوصی طور پر گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کی جانب سے گوجرہ میں قیام امن اور عیسائی برادری کی جان و مال کے تحفظ کیلئے کی گئی ذاتی کوششوں کو بھی سراہا۔

## نارتھ کراچی اور لائنز ایریا میں ایم کیوایم کے طبی امدادی و بلڈ کیمپوں کا قیام
## 6803 مریضوں کا تفصیلی چیک اپ اور مفت ادویات کی فراہمی، سینکڑوں افراد نے خون کے عطیات دیئے

کراچی۔۔۔11، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے گزشتہ روز نارتھ کراچی اور لائنز ایریا میں طبی امدادی اور بلڈ کیمپوں کا انعقاد کیا گیا جن پر ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی عباسی شہید اسپتال یونٹ، جناح اسپتال یونٹ، نیشنل انسٹیٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر (NICVD) اسپتال یونٹ، سروسز اسپتال یونٹ اور اربن ہیلتھ D-5 ہسپتال یونٹ کے مختلف امراض کے ماہر ڈاکٹروں نے مریضوں کا تفصیلی چیک اپ کیا اور انہیں بھاری مالیت کی ادویات مفت فراہم کیں۔ طبی امدادی کیمپوں پر ڈاکٹروں نے مجموعی طور پر 6803 مریضوں کا معائنہ کیا اور بعض مریضوں کو لاحق مہلک بیماریوں کی تشخیص کرکے متعلقہ اسپتالوں میں ریفر کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کے سیکڑوں کارکنان اور ہمدردوں نے بلڈ کیمپوں پر پہنچ کر خون کے عطیات بھی دیئے۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاکر علی، وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہار الحسن، نیو کراچی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم اختر حسین نے طبی امدادی اور بلڈ کیمپوں کا دورہ کیا اور دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کرنے پر ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر طبی سہولیات سے استفادہ کرنے والے افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## لعل شہباز قلندر کے عرس کے موقع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی گئی
## زائرین کی سہولیات کیلئے ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے مفت طبی کیمپ کا قیام، دادوزون کی جانب سے ٹھنڈے پانی کی سبیلیں لگائی گئیں

کراچی۔۔۔12/اگست 2009ء

صوفی بزرگ حضرات لعل شہباز قلندر کے عرس کے موقع پر ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی واراکین نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر حاضری دی اور چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ دریں اثناء ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کی جانب سے ایک طبی کیمپ مزار کے گولڈن دروازے کے قریب قائم کر دیا گیا ہے۔ جہاں ایم کیو ایم کی میڈیکل ایڈ کمیٹی سے وابستہ ڈاکٹر اور پیرامیڈیکل اسٹاف زائرین کو مفت طبی امداد فراہم کر رہے ہیں۔ یہ کیمپ عرس کے اختتام تک زائرین کی سہولت کیلئے قائم رہے گا جبکہ زائرین کی سہولت کیلئے ایم کیو ایم دادوزون کی جانب سے ٹھنڈے پانی کی سبیلیں بھی لگائی گئی ہیں۔ علاوہ زیں ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی، حق پرست رکن قومی اسمبلی ایوب شیخ اور کمیٹی کے اراکین شبیر قائمی، یوسف، خالد بگھیو، ریاض و ایم کیو ایم دادوزون کے ذمہ داران و کارکنان نے سیہون شریف میں قائم ایم کیو ایم کے طبی کیمپ کا دورہ کیا اور زائرین کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان فراز احمد غوری، علی رضا اور رفیع اللہ سمیت 52 کارکنان کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔12، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیو ایم کی طلبہ تنظیم کے دو جواں سال کارکنان فراز احمد غوری، علی رضا اور ایم کیو ایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 117 کے کارکن رفیع اللہ کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ایم کیو ایم کے 52 بے گناہ کارکنان کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک کے نازک ترین حالات میں ملک کی تیسری بڑی، صوبہ سندھ کے دارالخلافہ کراچی کی نمائندہ اور پرامن جماعت ایم کیو ایم کے بے گناہ کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے ذریعے بہیمانہ قتل کی وارداتیں سندھ کی منتخب اور اتحادی حکومت کے خلاف گھناؤنی سازش کا حصہ ہے۔ انہوں نے فراز احمد غوری شہید، علی رضا شہید اور رفیع اللہ شہید کے سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کی مغفرت کیلئے دعا کی۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیو ایم کے کارکنان ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنانے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں دہشت گردوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔

## نظریاتی تحریکوں کا ایک مقصد، مشن، نظریہ اور نظم وضبط ہوتا ہے جس کے تحت کارکنوں کی نظریاتی تربیت کی جاتی ہے، فرخ اعظم
## ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت بن قاسم سیکٹر کے کارکنان کی تربیتی نشست سے خطاب

کراچی۔۔۔11، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم نظریاتی تحریک ہے، نظریاتی تحریکوں کا ایک مقصد، مشن، نظریہ اور نظم وضبط ہوتا ہے جس کے تحت کارکنوں کی نظریاتی تربیت کی جاتی ہے۔ یہ بات انہوں نے بن قاسم سیکٹر کے کارکنان کی تربیتی نشست سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج یوسف منیر شیخ اور اراکین معین الدین بھی موجود تھے۔ فرخ اعظم نے کہا کہ تربیت کا مسلسل عمل کامیابی کی ضمانت ہے اور جو ساتھی تربیت کا عمل جاری نہیں رکھتے وہ آہستہ آہستہ تحریکی سبق بھولنے لگتے ہیں اور ان میں تحریکی اور نظریاتی کمزوریاں نمایاں ہونے لگتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نظریاتی کارکنوں کیلئے ضروری ہے کہ وہ خود احتسابی کا عمل جاری رکھیں اور انا کو فنا کریں اور اپنی ذمہ داریاں احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں۔ فرخ اعظم نے کارکنان کو تلقین کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم ملک کی تیسری بڑی جماعت ہے اور اس کے کارکنان ملک بھر میں جہاں بھی ہیں وہ سفیر کی حیثیت رکھتے ہیں لہٰذا کارکنان خود کو تحریکی اور تنظیمی سانچے میں ڈھالیں اور خود کو نظریاتی طور پر مضبوط بنائیں

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔11، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم مرکزی شعبہ اطلاعات، نیوز روم کے رکن سید ظفر حسین جعفری کی والدہ محترمہ سیدہ قمر النساء، ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 106 کے کارکن احمد محی الدین کی والدہ محترمہ سعیدہ بیگم، ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 5 کے کارکن محمد عامر کی اہلیہ محترمہ فریدہ بیگم اور ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 132 کے کارکن مہتاب احمد کے والد محمد نثار احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی نیو کراچی سیکٹر کے کارکن طارق مسیح انتقال کر گئے
## الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔11، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ اقلیتی امور کمیٹی نیو کراچی سیکٹر یونٹ C-134 کے کارکن طارق مسیح علالت کے باعث انتقال کر گئے۔ مرحوم کی عمر 31 سال تھی، ان کے سوگواران میں والدین، بیوہ، ایک بیٹی، ایک بیٹا اور دو بہنیں شامل ہیں۔ مرحوم کو آخری رسومات کی ادائیگی کے بعد نصرت بھٹو کالونی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے طارق مسیح کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے طارق مسیح کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوگواران کو صبر جمیل کی تلقین کی۔

☆☆☆☆☆